**Kashmir Solidarity Day (5 February 2026)**
**Message from the President of the Islamic Republic of Pakistan**

The people of Pakistan across the globe observe Kashmir Solidarity Day to reaffirm our unwavering moral, diplomatic and political support for our Kashmiri brothers and sisters in their just cause to achieve the right to self-determination as enshrined in the relevant United Nations Security Council resolutions. It was Shaheed Mohtarma Benazir Bhutto who began the observance of this day 36 years ago, following the historic uprising of the Kashmiri people in 1989, a struggle that continues to this day.

For nearly eight decades, the valiant Kashmiri people have stood tall against the illegal Indian occupation and have rendered countless sacrifices. On this day, we pay solemn tribute to their indomitable spirit and resilience.

The situation in Indian Illegally Occupied Jammu and Kashmir (IIOJK) remains a matter of grave concern for global conscience. Since the illegal and unilateral actions of 5 August 2019, India has intensified its efforts to consolidate its occupation through administrative and legislative manipulation. By muzzling the media, incarcerating the Kashmiri leadership and attempting to dilute the Muslim majority through demographic changes, India seeks to disempower the Kashmiri people in their own land.

Indian occupation forces also continue to commit countless human rights violations in IIOJK. The findings of recent international reports highlight the alarming rise in arbitrary detentions and collective punishment. The use of punitive house demolitions and the ongoing suppression of digital freedoms, including the blocking of thousands of social media accounts, are clear attempts to hide the reality in IIOJK.

The recent profiling of mosques and mosque management committees in IIOJK constitutes deliberate intimidation by the Indian authorities, aimed to obstruct the free exercise of religion by the Muslim majority population. Such actions form part of a broader pattern of religious persecution under the extremist Hindutva framework. The Kashmiri people have the inalienable right to practice their religion without fear, coercion or discrimination.

The dangerous military escalation initiated by India in May 2025 serves as a stark reminder that true and durable peace in South Asia remains impossible unless the core dispute of Jammu and Kashmir is resolved.

I urge the international community to move beyond mere expressions of concern for the Kashmiri people and persuade India to stop the human rights violations in IIOJK, allow unfettered access to international human rights observers and grant the Kashmiri people their promised right to self-determination.

On this day, I reiterate that we will continue to stand shoulder-to-shoulder with the Kashmiri people until they realize their right to decide their own future through a free and impartial plebiscite.

***

**پابندی: 5 فروری 2026 سے قبل اس پیغام کو شائع، نشر، اپ لوڈ یا سوشل میڈیا پر شیئر نہ کیا جائے۔**

## صدر مملکت آصف علی زرداری کا یوم یکجہتیٔ کشمیر (5 فروری 2026) کے موقع پر پیغام

دنیا بھر میں بسنے والے پاکستانی یوم یکجہتیٔ کشمیر مناتے ہیں تاکہ اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ غیرمتزلزل اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت کا اعادہ کیا جا سکے۔ یہ حمایت اُن کے اس جائز حق کے لیے ہے کہ وہ اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق حق خود ارادیت حاصل کر سکیں۔ 36 برس قبل، 1989 میں کشمیری عوام کی تاریخی جدوجہد کے بعد، شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے اس دن کے باقاعدہ انعقاد کا آغاز کیا، اور یہ جدوجہد آج بھی جاری ہے۔

تقریباً آٹھ دہائیوں سے بہادر کشمیری عوام غیرقانونی بھارتی قبضے کے خلاف ڈٹے ہوئے ہیں اور بے شمار قربانیاں دے چکے ہیں۔ اس دن ہم اُن کے عزم، حوصلے اور ثابت قدمی کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔

بھارت کے غیرقانونی زیر قبضہ جموں و کشمیر میں صورتحال عالمی ضمیر کے لیے شدید تشویش کا باعث بنی ہوئی ہے۔ 5 اگست 2019 کے غیرقانونی اور یکطرفہ اقدامات کے بعد بھارت نے انتظامی اور قانونی طریقوں سے اپنے قبضے کو مضبوط کرنے کی کوششیں تیز کر دی ہیں۔ میڈیا پر قدغن، کشمیری قیادت کی گرفتاریوں اور آبادی کے تناسب میں تبدیلی کی کوششوں کے ذریعے کشمیری عوام کو اُنہی کی سرزمین میں کمزور کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔

بھارتی قابض افواج کی جانب سے انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیاں بھی بدستور جاری ہیں۔ حالیہ بین الاقوامی رپورٹس میں من مانے حراستی اقدامات اور اجتماعی سزاؤں میں تشویشناک اضافہ سامنے آیا ہے۔سزا کے طور پر گھروں کی مسماری اور ڈیجیٹل آزادیوں پر مسلسل پابندیاں، جن میں ہزاروں سوشل میڈیا اکاؤنٹس کی بندش شامل ہے، اُس حقیقت کو چھپانے کی واضح کوششیں ہیں جو وہاں موجود ہے۔

بھارت کے غیرقانونی زیر قبضہ جموں و کشمیر میں مساجد اور مسجد انتظامیہ کی حالیہ پروفائلنگ بھارتی حکام کی جانب سے دانستہ دباؤ کی کارروائیاں ہیں، جن کا مقصد مسلم اکثریتی آبادی کے مذہبی حقوق میں رکاوٹ ڈالنا ہے۔ یہ اقدامات انتہاپسند ہندوتوا سوچ کے تحت مذہبی امتیاز کے وسیع تر سلسلے کا حصہ ہیں۔ کشمیری عوام کو بغیر خوف، دباؤ یا امتیاز کے اپنے مذہب پر عمل کرنے کا ناقابل تنسیخ حق حاصل ہے۔

مئی 2025 میں بھارت کی جانب سے کی گئی خطرناک فوجی کشیدگی اس حقیقت کی یاد دہانی ہے کہ جنوبی ایشیا میں پائیدار امن اُس وقت تک ممکن نہیں جب تک جموں و کشمیر کا بنیادی تنازعہ حل نہیں ہوتا۔

میں عالمی برادری سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ محض تشویش کے اظہار سے آگے بڑھتے ہوئے بھارت کو انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں روکنے پر آمادہ کرے، بین الاقوامی انسانی حقوق کے مبصرین کو بلا رکاوٹ رسائی دے، اور کشمیری عوام کو اُن کا وعدہ شدہ حق خود ارادیت فراہم کرے۔

اس موقع پر میں ایک بار پھر یقین دلاتا ہوں کہ ہم کشمیری عوام کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے، تا وقتیکہ وہ آزادانہ اور غیرجانبدارانہ رائے شماری کے ذریعے اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنے کا حق حاصل کر لیں۔

--------

**Kashmir Solidarity Day (5 February 2026)**
**Message from the Prime Minister of the Islamic Republic of Pakistan**

Every year, 5th February is observed as Kashmir Solidarity Day, an occasion where the people and the Government of Pakistan reaffirm their principled and unwavering support for their Kashmiri brothers and sisters in their just struggle for the realization of their right to self-determination.

The Jammu and Kashmir dispute remains one of the oldest unresolved disputes on the agenda of the United Nations. Over the years, several United Nations Security Council resolutions have established, beyond doubt, the disputed status of the territory of Jammu and Kashmir, while prescribing that its final disposition must be made in accordance with the will of the Kashmiri people, expressed through a fair and impartial plebiscite. However, for nearly eight decades, the Kashmiri people have been denied this fundamental right, due to India's intransigence.

Even after decades of bloodshed, brutality and barbarity, the Indian Illegally Occupied Jammu and Kashmir (IIOJK) remains a hostile environment, marred by heavy militarization, total repression and egregious human rights violations. Arbitrary political detentions, suppression of genuine political activity and severe restrictions on media, have become India's routine instruments to silence dissent in IIOJK.

On 5 August 2019, India took a host of illegal and unilateral administrative and legal measures, in an attempt to consolidate its forcible occupation of IIOJK. These measures not only contravene the UN Charter, but completely defy the relevant UN Security Council resolutions and the Fourth Geneva Convention. Such hollow attempts by India to carry out demographic re-engineering, or to alter the legal and administrative status of Kashmir, cannot absolve it from its international commitments and obligations, nor could they diminish the inalienable rights of the Kashmiri people.

India's illegal actions in IIOJK, are driven by Hindutva ideology that seeks to normalize discrimination, curtail religious freedoms and criminalize dissent. The ongoing profiling of mosques and their management committees in IIOJK represents a grave violation of the right to freedom of religion and highlights the discrimination faced by the Muslim population. Regrettably, the Indian occupation

has moved beyond military repression to ideological coercion, aimed at silencing and disempowering an entire people.

Despite enduring decades of oppression, the brave and valiant Kashmiri people, refuse to surrender their legitimate aspirations. Pakistan salutes their heroic resilience, courage, and sacrifices.

As Prime Minister of Pakistan, I have been a strong advocate for the right to self-determination of the Kashmiri people at every international forum including the United Nations General Assembly.

On this Kashmir Solidarity Day, I reassure my Kashmiri brothers and sisters that Pakistan will continue to extend its complete moral, diplomatic, and political support to the Kashmir freedom struggle, until the Kashmiri people succeed in attaining their right to self-determination through a free and impartial plebiscite, as promised to them under the auspices of the United Nations.

Inshallah, the days of darkness shall give way to the dawn of freedom, and that day is not far, when the people of Jammu and Kashmir shall break the shackles of Indian occupation and live their lives in a future free from fear.

***

**Kashmir Solidarity Day (5 February 2026)**
**Message from the Deputy Prime Minister/Foreign Minister of the Islamic Republic of Pakistan**

As we observe the Kashmir Solidarity Day today, Pakistan reiterates its firm and unwavering support for the people of Jammu and Kashmir in their just struggle for the right to self-determination. Under illegal Indian occupation, the Kashmiri people remain deprived of their fundamental rights. Yet, their resilience testifies the legitimacy of their just cause.

At the heart of the Jammu and Kashmir dispute lies India's failure to implement the United Nations Security Council resolutions guaranteeing the Kashmiri people a free and impartial plebiscite. India's persistent defiance undermines the United Nations Charter, the relevant United Nations Security Council resolutions and the Fourth Geneva Convention.

The situation on the ground in Indian Illegally Occupied Jammu and Kashmir (IIOJK) has moved beyond episodic violations to a sustained system of repression. Since the unilateral and illegal actions of 5 August 2019, India has dismantled legal safeguards, weakened local institutions, and imposed measures aimed at consolidating its permanent occupation of the disputed territory, including artificially altering the demographic composition to change Muslim majority into minority, forcing media to follow the official line, and criminalizing any form of dissent. Under the Hindutva-driven framework, people in IIOJK face constant discrimination. The recent profiling of mosques in IIOJK where religious functionaries are forced to give their personal details, photographs and sectarian affiliations show the extent of institutionalized Islamophobia.

Grave human rights violations including fake encounters, enforced disappearances, arbitrary detentions and restrictions on fundamental freedoms continue unabated. UN experts have recently noted the arbitrary detention of nearly 2,800 individuals, including journalists, students, and human rights defenders.

We urge the international community to take decisive actions to address the worsening human rights situation in IIOJK, ensure accountability for India's illegal and unilateral actions, persuade India to implement the United Nations Security

Council resolutions and allow the Kashmiri people their promised right to self-determination.

Pakistan will continue to stand with our Kashmiri brothers and sisters politically, morally and diplomatically. Our efforts will remain focused on securing a peaceful and lasting resolution of the Jammu and Kashmir dispute.

***

# اسلامی جمہوریہ پاکستان کے

# نائب وزیر اعظم / وزیر خارجہ کا

# یومِ یکجہتیٔ کشمیر کے موقع پر پیغام

# 5 فروری 2026

یومِ یکجہتیٔ کشمیر کے موقع پر پاکستان، جموں و کشمیر کے عوام کے حقِ خود ارادیت کی منصفانہ جدوجہد میں ان کے ساتھ اپنی غیر متزلزل اور پختہ حمایت کا اعادہ کرتا ہے۔ غیر قانونی بھارتی قبضے کے تحت کشمیری عوام آج بھی اپنے بنیادی حقوق سے محروم ہیں، تاہم ان کی ثابت قدمی اور

استقامت ان کے منصفانہ مؤقف کی صداقت کی گواہی دیتی ہے۔

جموں و کشمیر تنازع کی بنیاد بھارت کی جانب سے اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل کی ان قراردادوں پر عمل درآمد میں ناکامی ہے، جن کے تحت کشمیری عوام کو آزادانہ اور غیر جانبدارانہ استصوابِ رائے کا حق دیا گیا تھا۔ بھارت کی مسلسل ہٹ دھرمی اقوامِ متحدہ کے چارٹر، متعلقہ سلامتی کونسل کی قراردادوں اور چوتھے جنیوا کنونشن کی صریح خلاف ورزی ہے۔

بھارت کے غیر قانونی زیرِ قبضہ جموں و کشمیر (IIOJK) میں زمینی صورتحال محض وقتی خلاف ورزیوں سے آگے بڑھ کر ایک منظم اور مسلسل جبر کے نظام کی صورت اختیار کر چکی ہے۔ 5 اگست 2019 کے یکطرفہ اور غیر قانونی اقدامات کے بعد بھارت نے قانونی تحفظات کو ختم کیا، مقامی اداروں کو کمزور کیا، اور متنازعہ خطے پر مستقل قبضے کو مستحکم کرنے کے لیے اقدامات نافذ کیے جن میں آبادیاتی ساخت کی مصنوعی تبدیلی کے ذریعے مسلم اکثریت کو اقلیت میں بدلنا، میڈیا کو سرکاری بیانیے کی

پابندی پر مجبور کرنا اور ہر قسم کی اختلافِ رائے کو جرم بنانا
شامل ہے۔ ہندوتوا پر مبنی نظام کے تحت IIOJK کے
عوام کو مسلسل امتیازی سلوک کا سامنا ہے۔ حالیہ
اقدامات، جن کے تحت مساجد کی پروفائلنگ کی جارہی ہے
اور مذہبی پیشواؤں کو اپنی ذاتی معلومات، تصاویر اور مسلکی
وابستگیاں فراہم کرنے پر مجبور کیا جارہا ہے، ادارہ جاتی
اسلاموفوبیا کی سنگین مثال ہیں۔

ماورائے عدالت قتل، جبری گمشدگیاں، من مانے حراستی
اقدامات اور بنیادی آزادیوں پر پابندیاں بدستور جاری

ہیں۔ حال ہی میں اقوامِ متحدہ کے ماہرین نے تقریباً 2,800 افراد کی من مانے طور پر حراست کی نشاندہی کی ہے، جن میں صحافی، طلبہ اور انسانی حقوق کے کارکن شامل ہیں۔

پاکستان عالمی برادری سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ بھارت کے غیر قانونی اور یکطرفہ اقدامات پر اسے جوابدہ ٹھہرانے، بھارت کے غیر قانونی زیرِ قبضہ جموں و کشمیر (IIOJK) میں بگڑتی ہوئی انسانی حقوق کی صورتحال کا سنجیدگی سے نوٹس لینے، اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں پر

عمل درآمد کو یقینی بنانے، اور کشمیری عوام کو ان کا وعدہ شدہ حقِ خودارادیت دلانے کے لیے فیصلہ کن اقدامات کرے۔

پاکستان اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ سیاسی، اخلاقی اور سفارتی سطح پر کھڑا رہے گا۔ ہماری تمام تر کوششیں جموں و کشمیر تنازع کے پرامن، منصفانہ اور دیرپا حل کے حصول پر مرکوز رہیں گی۔

☆☆☆☆☆